میں عالمِ اسلام سے بالعموم اور عالمِ عرب سے بالخصوص اپیل کرتا ہوں کہ وہ مظلوم فلسطینیوں کی مدد کو پہنچیں اور اُن کا قتلِ عام بند کروانے کے لیے اپنے تمام ممکن ذرائع کام میں لائیں۔ اگر ہر ملک کے مسلمان ہزار میں سے صرف ایک مسلمان رضاکار بھی فلسطین بھیجنے کا فیصلہ کر لیں تو صہیونیوں اور ان کی پشت پناہ قوتوں کا فلسطین اور اُس کے نواح سے صفایا ہو سکتا ہے۔

لبنان پر اس تازہ اسرائیلی حملے کے نتیجے میں ان چھ روز میں ۳۰ ہزار سے زائد فلسطینی مسلمان شہید اور لاکھوں عورتیں، مرد اور بچے زخمی ہو چکے ہیں۔ (اور ان کے مسکن اور ضرورت کے سامان بھی غارت ہو چکے ہیں ــــ مدیر) آج ہر مسلمان اور صاحبِ دل انسان کا فرض ہے کہ شہداء کے پسماندگان اور زخمیوں کی ہر ممکن امداد کرے۔ تحریک اسلامی پاکستان، منصورہ، ملتان روڈ لاہور نے "امداد فلسطین فنڈ" کے نام سے امدادی فنڈ جمع کرنا شروع کر دیا ہے۔ ہم تمام اہلِ وطن سے اپیل کرتے ہیں کہ دل کھول کر اس میں امدادی رقوم جمع کرائیں۔ مرکز میں یہ رقوم ناظم فنڈ مذکور مسعود احمد خاں یا ناظمِ اعلیٰ شیخ فقیر حسین کے نام بھیجی جا سکتی ہیں۔"

ضروری تصحیح

خدا سے ہم معافی چاہتے ہیں کہ پچھلی مرتبہ کے اشارات میں ایک آیت غلط چھپ گئی۔ صحیح یہ ہے

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ

(الانفال ـ ۲)

(ادارہ)